SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ ۱۹۷۵

SINDH ACT NO.X OF 1975

آبکاری قانون (سندھ ترمیم) ایکٹ، ۱۹۷۵

THE ABKARI LAWS (SINDH AMENDMENT) ACT, 1975

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ترمیم

Amendment

۳۔سندھ آبکاری قانون ۱۹۷۸ (سندھ ایکٹ V مجریہ ۱۹۷۸)

The Sindh Abkari Act, 1978 (Sindh Act V of 1978)

۴۔سندھ منشیات کے استعمال کی روک تھام کا قانون ۱۹۴۰ (سندھ قانون نمبر ۴ مجریہ ۱۹۱۰)

The Sindh Consumption of Intoxicant Restriction Act, 1940 (Sindh Act IV of 1910)

۵۔ مغربی پاکستان افیون کے استعمال کی روک تھام کا حکم نامہ ۱۹۶۰ (مغربی پاکستان حکم نامہ نمبر ۲ مجریہ ۱۹۶۰) جو صوبہ سندھ میں نافذ العمل ہو گا۔

The West Pakistan Prohibition of Opium Smoking Ordinance, 1960 (West Pakistan Ordinance 2 of 1960) as applicable to the Province of Sindh

سندھ ایکٹ نمبر X مجریہ ۱۹۷۵

SINDH ACT NO.X OF 1975

آبکاری قانون (سندھ ترمیم) ایکٹ، ۱۹۷۵

THE ABKARI LAWS (SINDH AMENDMENT) ACT, 1975

[۱۹ اپریل ۱۹۷۵]

سندھ آبکاری قانون ۱۹۷۸، سندھ منشیات کے استعمال کی روک تھام کا قانون ۱۹۴۰ اور مغربی پاکستان افیون کے استعمال کی روکت ھام آرڈیننس ۱۹۶۰ کے قانون میں مزید ترمیم کرنے کے لئے

تمہید (Preamble)

جیسا کہ یہ مناسب سمجھا گیا کہ مزید ترمیم کے لئے سندھ آبکاری قانون ۱۹۷۸، سندھ منشیات کے استعمال کی روک تھام کا قانون ۱۹۴۰ اور مغربی پاکستان افیوم کے استعمال کی روک تھام آرڈیننس ۱۹۶۰ میں مندرجہ ذیل ترمیم مقصود ہے۔

جسے مندرجہ ذیل طریقے سے عمل میں لایا جائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۱۔ (۱) یہ ایکٹ آبکاری قانون (سندھ ترمیم) ایکٹ، ۱۹۷۵ کہلایا جائے گا۔

(۲) یہ فوری طور پر نافذالعمل ہو گا۔

ترمیم

Amendment

۲۔ جدول کے کالم نمبر ۲ میں بتائے گئے قانون ترمیم کئے جاتے ہیں، کسی حد تک جو کالم نمبر ۳ کے طور طریقے کے تحت ہوں گے۔

جدول

نمبر شمار	قانون سازی کا عنوان	ترامیم (Amendments)
1	2	3
.1	سندھ آبکاری قانون ۱۹۷۸ (سندھ ایکٹ V مجریہ ۱۹۷۸) The Sindh Abkari Act, 1978 (Sindh Act V of 1978)	۱۔ دفعہ نمبر ۴۳ میں۔ (الف) ذیلی دفعہ ۱ میں، الفاظ "تین سال کے لئے یا جرمانے کے ساتھ جو پانچ ہزار تک بڑھائے گئے ہوں گے یا دونوں" کی جگہ الفاظ "سات سال یا جرمانے کے ساتھ جو بڑھائے گئے ہوں گے یا دونوں" متبادل ہوں گے۔ (ب) ذیلی دفعہ ۲ میں، الفاظ "پانچ سال کے لئے اور جرمانے کے ساتھ جو سات ہزار تک بڑھائے گئے ہوں" کی جگہ الفاظ "سات سال اور جرمانہ جو ایک لاکھ روپے تک بڑھایا جائے گا" متبادل ہوں گے۔

		(ج) ذیلی دفعہ ۳ میں، الفاظ "پانچ سال اور جرمانہ جو سات ہزار تک بڑھایا گیا ہوگا" کی جگہ الفاظ "سات سال اور جرمانہ جو ایک لاکھ روپے تک بڑھایا جائے گا" متبادل ہوں گے۔ ۲۔ دفعہ نمبر ۴۶ میں الفاظ اور کوما "سات ہزار روپے یا سزا کے ساتھ جو پانچ سال تک بڑھائی جائے گی، یا دونوں" کی جگہ الفاظ اور کوما "ایک لاکھ روپے، یا سزا جو سات سال تک بڑھائی جائے گی، یا دونوں" متبادل بنائے جائیں گے۔ ۲۔ دفعہ نمبر ۵۱ میں الفاظ اور کوما جو کہ "پانچ ہزار روپے یا سزا جس کا عرصہ تین سال تک بڑھایا گیا ہوگا، یا دونوں" کی جگہ الفاظ اور کوما "ایک لاکھ روپے، یا سزا جس کی مدت سات سال تک بڑھائی جائے گی، یا دونوں" متبادل بنائے جائیں گے۔ ۴۔ دفعہ نمبر 55-A میں، حدبندی والی شق میں الفاظ "پانچ ہزار روپے" کی جگہ الفاظ "ایک لاکھ روپے" متبادل بنائے جائیں گے۔
.2	سندھ منشیات کے استعمال کی روکتھام کا قانون ۱۹۴۰ (سندھ قانون نمبر ۴ مجریہ ۱۹۱۰)	ا۔ دفعہ میں ۳، ۴ اور ۵ میں- (الف) الفاظ جو کہ "تین سال یا جرمانے کے ساتھ جو کہ پانچ ہزار روپے تک بڑھائی گئی ہو" کی جگہ الفاظ "سات سال یا جرمانہ جو کہ ایک لاکھ روپے ہوگا" متبادل بنائے جائیں گے، اور (ب) الفاظ جو کہ "پانچ سال یا جرمانے کے ساتھ

	The Sindh Consumption of Intoxicant Restriction Act, 1940 (Sindh Act IV of 1910)	جو کہ سات ہزار روپے تک ہو سکے گا" کی جگہ الفاظ "سات سال یا جرمانہ جو کہ ایک لاکھ روپے تک ہو گا" متبادل بنائے جائیں گے۔ ۲۔ دفعہ نمبر ۲۳ میں ذیلی شق نمبر ا میں، الفاظ اور اعداد "۲۰۰۰۰ روپے" کی جگہ الفاظ "ایک لاکھ روپے" متبادل بنائے جائیں گے۔
.3	مغربی پاکستان افیوم کے استعمال کی روکتھام کا حکم نامہ ۱۹۶۰ (مغربی پاکستان حکم نامہ نمبر ۲ مجریہ ۱۹۶۰) جیسے صوبہ سندھ میں نافذ کیا جا سکے۔ The West Pakistan Prohibition of Opium Smoking Ordinance, 1960 (West	ا۔ دفعہ نمبر ۴ میں، الفاظ جو کہ "پانچ سال یا جرمانے کے ساتھ جو کہ سات ہزار روپے تک ہوسکے گا" کی جگہ الفاظ "سات سال یا جرمانہ جو کہ ایک لاکھ روپے تک ہوسکے گا یا دونوں" متبادل بنائے جائیں گے۔ ۲۔ دفعہ نمبر ۵ میں، الفاظ جو کہ "سادہ یا سخت سزا جس کی مدت پانچ سال تک ہوگی یا جرمانے کے ساتھ جو کہ سات ہزار روپے تک ہو گا یا دونوں" کی جگہ الفاظ "سادہ یا سخت سزا جس کی مدت سات سال تک ہوگی یا جرمانہ جو کہ ایک لاکھ روپے تک یا دونوں" متبادل بنائے جائیں گے۔ ۳۔ دفعہ نمبر ۶ میں، الفاظ اور کوما "پانچ سال یا جرمانہ جو کہ سات ہزار روپے تک ہو گا، یا دونوں" کی جگہ الفاظ "سات سال یا جرمانہ جو کہ ایک لاکھ روپے تک ہو گا، یا دونوں" متبادل بنائے جائیں گے۔

	Pakistan Ordinance 2 of 1960) as applicable to the Province of Sindh	